E-mail dailyshamal1991@gmail.com
dailyshamal.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | صوبہ بھر میں تنخواہ کا سب سے زیادہ فروخت ہونیوالا اخبار | A.B.C CERTIFIED
The Daily SHAMAL ABBOTTABAD
روزنامہ
شمال
ایبٹ آباد
بیاد نیاز پاشا جدون
فون نمبر 0992-385577
جلد نمبر 37 | جمعرات 08 صفر المظفر 1448ھ 23 جولائی 2026ء 2083ب | صفحات 4 | قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 136

ایوب میڈیکل کمپلیکس انتظامیہ کا ایک اور کارنامہ 10 دن میں مریضہ کا آپریشن نہ ہو سکا

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) ایوب میڈیکل کمپلیکس کے ڈاکٹروں کی غریب مریضہ کو دس دن داخل کرنے کے بعد آپریشن نہ کیا گیا صحت کارڈ پر داخل کر کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 1)

پردیس کی کمائی تابوتوں میں واپس، ماسہرہ میں کہرام

ایک ہفتہ قبل سعودی عرب میں پیش آنے والے افسوسناک گیس حادثے میں جاں بحق ہوگئے تھے، جسدِ خاکی پاکستان پہنچنے پر پورے علاقے میں سوگ کی فضا چھا گئی، نماز جنازہ میں ہزاروں افراد کی شرکت

ماسہرہ (میر افضل گلزار سے) سعودی عرب میں گیس حادثے میں جاں بحق ہونے والے پانچ محنت کشوں کی نمازِ جنازہ میں ہزاروں افراد کی شرکت، ماسہرہ کی فضا سوگوار، تحصیل بالاکوٹ کے رہائشی 5 افراد کی نماز جنازہ ماسہرہ کے قریب جلوسیداں کے مقام پر ادا کردی گئی، ایک ہفتہ قبل سعودی عرب میں پیش آنے والے افسوسناک گیس حادثے میں جاں بحق ہوگئے تھے، جسدِ خاکی پاکستان پہنچنے پر پورے علاقے میں سوگ کی فضا چھا گئی۔ مرحوم کی نمازِ جنازہ آج مقامی وقت کے مطابق شام 4 بجے جلوسیداں میں ادا کی گئی، جس میں ہزاروں افراد نے شرکت کر کے مرحوم کو اشک بار آنکھوں سے سپردِ خاک کیا۔ نمازِ جنازہ میں وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سردار محمد (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2)

بالاکوٹ ' ریاض گیس سلنڈر دھماکہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کی نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے

کچھ علاج اسکا بھی ہے☆ چارہ گراں ہے کہ نہیں

کنگ عبداللہ ہسپتال ماسہرہ، بوگس نیلامی، انتظامی اداروں کی معنی خیز خاموشی

سرکاری ادارے خود خاموش ہو جائیں تو عوام کا اعتماد مجروح، نوٹس لیا جائے

ماسہرہ (کورٹس رپورٹر) ماسہرہ کے سب سے بڑے سرکاری علاج گاہ کنگ عبداللہ ہسپتال میں کروڑوں روپے مالیت کا طبی و غیر طبی سامان مبینہ طور پر نہایت کم قیمت پر نیلام کر دیا گیا۔ اس عمل پر شہریوں اور سول سوسائٹی نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تحقیقاتی اداروں کی "معنی خیز خاموشی" پر سوال اٹھا دیے ہیں۔ ذرائع کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3)

ہزارہ بھر میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے خلاف احتجاج کریں گے، جماعت اسلامی

پہلے مرحلے میں 6 اگست کو ماسہرہ میں ایک بڑی موٹر سائیکل ریلی نکالی جائے گی جس میں کارکنان اور عوام کی بڑی تعداد شرکت کرے گی

ماسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر +ڈسٹرکٹ نامی نگار) ضلعی امیر جماعت اسلامی ماسہرہ جمیل احمد جہانگیری نے مرکزی امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن کی ہدایت پر ملک گیر احتجاجی تحریک کے سلسلے میں ضلع ماسہرہ میں بھی احتجاجی مہم کا آغاز کرنے کا اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ماسہرہ مرکز جماعت اسلامی فائدیشن میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جمیل احمد جہانگیری نے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4)

ماسہرہ نئی حلقہ بندیوں کا شیڈول جاری کر دیا گیا

چار بڑے فیصلے، انتظامی حدود منجمد، حلقہ بندیوں کا شیڈول جاری، الیکشن کمیشن نے ضلع ماسہرہ کے لیے حدود بندی کمیٹی تشکیل دے دی، اعتراضات کی سماعت کے لیے حدود بندی اتھارٹی مقرر کر دی

تناول (خالد قریشی، نامہ نگار خصوصی) ضلع ماسہرہ میں آئندہ بلدیاتی انتخابات کی تیاریاں فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہوگئی ہیں۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے ایک ہی روز میں چار بڑے فیصلے کرتے ہوئے بلیچ و نیبر ہڈ کونسلز کی حدود بندی کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے۔ الیکشن کمیشن نے ضلع ماسہرہ کے لیے حدود بندی کمیٹی تشکیل دے دی، اعتراضات کی سماعت کے لیے حدود بندی اتھارٹی مقرر کر دی، حدود بندی مکمل ہونے تک انتظامی و ریونیو حدود منجمد کرنے کے احکامات جاری کر دیے، جبکہ بلیچ اور نیبر ہڈ کونسلز کی حدود بندی کا مکمل شیڈول بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ ان فیصلوں کے بعد ضلع ماسہرہ میں بلدیاتی سیاسی سرگرمیوں میں تیزی آنے اور نئی حلقہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 5)

ڈھوڈیال مزمل قتل میں ملوث سگا باپ اور 3 چچازاد بھائی گرفتار

واقعے میں ایک اور نوجوان اظہر علی ولد بنارس بھی شدید زخمی ہوا جسے فوری طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کیا گیا

ڈھوڈیال (کرائم رپورٹر) تھانہ بفہ پولیس نے 19/20 سالہ نوجوان مزمل ولد بہادر کے قتل میں ملوث سگے باپ اور 3 چچازاد بھائیوں کو گرفتار کرلیا۔ چند روز قبل بجنہ میں پیش آنے والے افسوسناک واقعے میں نوجوان کو باپ کے ساتھ توں تکرار کے بعد باپ کیچنے پر مبینہ طور پر چچا زاد بھائیوں نے کلہاڑی اور ڈنڈوں سے تشدد کا نشانہ بنایا۔ شدید زخموں کے باعث نوجوان جانبر نہ ہو سکا۔ واقعے میں ایک اور نوجوان اظہر علی ولد بنارس بھی شدید زخمی ہوا جسے فوری طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کیا گیا۔ ابتدائی تفتیش (بقیہ صفحہ 3 نمبر 6)

ڈھوڈیال ، تھانہ بفہ کی حدود میں چچازاد بھائی کو قتل کرنے والے ملزمان پولیس حراست میں

ٹی ایم اے بفہ پکھل کا انوکھا کارنامہ، سڑک کنارے صرف پول کھڑے کئے

عرصہ تین چار ماہ سے زائد گزر جانے کے باوجود سٹریٹ لائٹس کا کوئی انتظام نہیں ہے

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) شنکیاری میں ٹی ایم اے بفہ پکھل کا انوکھا کارنامہ سڑک کے کنارے سٹریٹ لائٹ کے منصوبہ کی تکمیل کے لئے جگہ جگہ پول کھڑے کر دیئے گئے ہیں مگر عرصہ تین چار ماہ سے زائد گزر جانے کے باوجود صرف پول کھڑے نظر آرہے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 8)

ظالمانہ لوڈشیڈنگ نے عوام کی ناک میں دم کر رکھا ہے

شنکیاری (نامہ نگار) ظالمانہ لوڈشیڈنگ نے عوام کی ناک میں دم کر رکھا ہے ضلع ماسہرہ کے تمام شہر اور گاؤں میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 9)

شنکیاری اور گردونواح بارشوں سے سڑکیں گلیاں نالوں میں تبدیل

بارشوں کا پانی کئی گھروں دوکانوں میں داخل ہوگیا، دریائے سرن میں طغیانی، فصلوں کو بھی نقصان

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) شنکیاری اور گردونواح میں گزشتہ تین روز سے مون سون کی بارشوں کے باعث سڑکیں گلیاں لنک روڈز بازار ندی نالوں میں تبدیل بارشوں کا پانی کئی گھروں دوکانوں میں داخل ہوگیا جبکہ موسلا دھار بارشوں کے ساتھ گرمی کا زور (بقیہ صفحہ 3 نمبر 11)

واپڈا نجکاری کے خلاف شنکیاری میں واپڈا ملازمین کا احتجاجی مظاہرہ

واپڈا سب ڈویژن نمبرون شنکیاری اور واپڈا سب ڈویژن نمبر ٹو کے ملازمین نے احتجاج کیا شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) شنکیاری میں حکومت کی جانب سے واپڈا کی نجکاری کے خلاف واپڈا سب ڈویژن نمبرون شنکیاری اور واپڈا سب ڈویژن نمبر ٹو کے ملازمین کا اپنے دفتر کے سامنے احتجاج، واپڈا ملازمین نے گزشتہ روز شنکیاری میں حکومت کی جانب سے واپڈا کی نجکاری کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا اور ملازمین نے کہا کہ ہمیں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 7)

صوبائی حکومت نے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

نئے سکیلز میں ایڈہاک ریلیف الاؤنس 2022 اور ایڈہاک ریلیف الاؤنس 2025 کو بنیادی تنخواہ میں ضم کر دیا گیا

تناول (نامہ نگار خصوصی) حکومت خیبر پختونخوا نے صوبائی ملازمین کی تنخواہوں اور الاؤنسز میں نظرثانی کرتے ہوئے نئے بنیادی تنخواہ سکیلز 2026 نافذ کر دیے ہیں۔ محکمہ خزانہ نے اس حوالے سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے، جس کا اطلاق یکم جولائی 2026 سے ہوگا نئے سکیلز میں ایڈہاک ریلیف الاؤنس 2022 اور ایڈہاک ریلیف الاؤنس 2025 کو بنیادی تنخواہ میں ضم کر دیا گیا ہے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 12)

نارن میں موٹر سائیکل حادثہ میں زخمی افراد کو ریسکیو اہلکار طبی امداد فراہمی کے بعد ہسپتال منتقل کر رہے ہیں

ہری پور، مہنگائی کیخلاف جماعت اسلامی کا احتجاجی تحریک کا اعلان

مہنگائی اور پیٹرول لیوی ٹیکس کے خلاف پندرہ روزہ عوامی مہم چلائی جائے گی

ہری پور (بیورو رپورٹ) مہنگائی اور پیٹرول لیوی ٹیکس کے خلاف جماعت اسلامی کی احتجاجی تحریک، عوام سے بھرپور شرکت کی اپیل جماعت اسلامی نے ملک میں بڑھتی مہنگائی اور پیٹرول پر عائد لیوی ٹیکس کے خلاف احتجاجی تحریک کا آغاز کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں 30 جولائی کو احتجاجی مظاہرے جبکہ 7 اگست کو ہری پور سمیت جنوبی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 13)

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کا ضلع تناول قیام مطالبہ سے مکمل لاعلمی کا اظہار

آل پاکستان تنولی اتحاد کا اپنا مضبوط لائحہ عمل اور نئی حکمت عملی سامنے لانے پر اتفاق

کھلابٹ (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کا ضلع تنول قیام مطالبہ سے مکمل لاعلمی کا اظہار پر آل پاکستان تنولی اتحاد کے اجلاس کا انعقاد ماسہرہ ٹول پلازہ کے مقام پر گزشتہ سال 14 اگست 2025 کو تنولی قوم کے تاریخی کنونشن میں اسپیکر صوبائی اسمبلی بابر سلیم خان سواتی نے بحیثیت مہمان خصوصی تنولی قوم سے فی الفور ضلع تنول کے قیام کا اعلان (بقیہ صفحہ 3 نمبر 14)

بجنہ، سی پیک کے ماتھے پر سجا سرسبز و شاداب گھنے جنگلات کا جھومر

بجنہ (نامہ نگار) بجنہ۔سی پیک کے ماتھے پر سجا ایک سرسبز و شاداب گھنے جنگلات والا خوبصورت گاؤں۔ضلع ماسہرہ کا خوبصورت ترین گاؤں بجنہ ملک بھر کی سبزی منڈیوں میں اپنی زرعی اجناس کی وجہ سے مشہور و معروف ہے۔ بجنہ گاؤں اپنی زرخیز زرعی زمینوں، بہترین وسیع نہری نظام، تجربہ کار کاشت کاروں، قدیمی تاریخی قبرستانوں، پہاڑوں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 15)

جدبا میں آل پارٹیز و آل تورغر سوشل ورکرز کانفرنس 29 جولائی کو ہوگی

درپیش مسائل، مبینہ ناانصافیوں اور آئندہ کے لائحہ عمل پر بھی تفصیلی مشاورت کی جائیگی

جدبا (نمائندہ خصوصی) ضلع تورغر کے سیاسی، سماجی اور عوامی مسائل پر غور و خوض کے لیے 29 جولائی 2026 بروز بدھ، جرگہ میدان بیرہ، منز کلے جدبا میں ایک عظیم الشان آل پارٹیز و آل تورغر سوشل ورکرز کانفرنس منعقد ہوگی۔ کانفرنس کے میزبان سابق تحصیل چیئرمین (ناظم) حاجی محمد اور عوامی نیشنل پارٹی کے تحصیل صدر عبدالقادر بسی خیل ہوں گے۔ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 16)

اوگی، مولانا حسین احمد مدنی کے گھر چوری کی واردات، سامان برآمد

ملزم گرفتار کرلیا گیا، واردات کے دوران 5 لاکھ روپے مالیت کا سامان چوری ہوا تھا

اوگی (نامہ نگار) اوگی کے گاؤں شدوڑ کٹھہ کے مقام سے سابق یوتھ کونسلر مولانا حسین احمد مدنی کے گھر سے چوری ہونے والا تقریباً ساڑھے 5 لاکھ مالیت کا سامان برآمد اور ملزم گرفتار اہل علاقہ نے ایس ایچ او ملک آصف، انچارج انویسٹیگیشن غلام جان دیگر کو بار بار پہنا کر شکریہ ادا کر رہے ہیں انہوں نے ڈی پی او ماسہرہ اظہر خان، ایس ایس پی اوگی ڈویژن زاہد الرحمٰن (بقیہ صفحہ 3 نمبر 18)

سردار ریاض کیخلاف سوشل میڈیا پر چلائی جانیوالی مہم مذمت کرتے ہیں

سردار محمد ریاض ایک عوامی اور ملنسار رہنما ہیں، اوچھے ہتھکنڈے بند کئے جائیں، عوامی حلقے

ماسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر +ڈسٹرکٹ نامہ نگار) کوئی پالس کوہستان سے منتخب رکن صوبائی اسمبلی اور پارلیمانی سیکرٹری برائے سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز سردار محمد ریاض کے حق میں عوامی حلقوں نے بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ان کے خلاف سوشل میڈیا پر چلائی جانے والی منفی مہم کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ عوامی نمائندوں اور مختلف (بقیہ صفحہ 3 نمبر 19)

ناران کاغان اور بابوسر جانیوالے سیاح ہوشیار، لینڈ سلائیڈنگ اور سیلابی ریلوں کا خطرہ

مسلسل بارشوں کے باعث مختلف مقامات پر لینڈ سلائیڈنگ، پتھر گرنے اور فلیش فلڈ کا خطرہ بڑھ گیا

تناول (نامہ نگار خصوصی) مون سون بارشوں کے باعث وادی کاغان، ناران اور بابوسر روڈ پر سفر کرنے والے سیاحوں کے لیے احتیاطی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ بالائی علاقوں میں مسلسل بارشوں کے باعث مختلف مقامات پر لینڈ سلائیڈنگ، پتھر گرنے اور فلیش فلڈ کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔ موسمی صورتحال کے پیش نظر سیاحوں کو غیر ضروری سفر سے گریز کرنے اور بالائی علاقوں کا رخ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 17)

اسسٹنٹ کمشنر اوگی، محمد آفتاب منیر نے آج بی ایچ یو ار بوڑہ کا دورہ

اوگی (نامہ نگار) صوبائی حکومت کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر ماسہرہ کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر اوگی، محمد آفتاب (بقیہ صفحہ 3 نمبر 35)

تورغر، سپیشل ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت

جاری ترقیاتی منصوبوں پر اہم اجلاس

جدبا (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر تورغر ڈاکٹر یاسر عمران کی زیر صدارت سپیشل ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت جاری (بقیہ صفحہ 3 نمبر 36)

باغوار کے مقام پر مقامی انتظامیہ نے افغانی شہری کی دکان سیل کر دی

دوکان، کمرشل پراپرٹی کا مالک افغان شہری تھا انتظامیہ نے سیل کر کے قانونی تحویل میں لے لیا

ماسہرہ (چیف رپورٹر) شنکیاری باغوار مقامی انتظامیہ نے حکومتی پالیسیوں اور ہدایات پر عمل کرتے ہوئے باغوار کے مقام پر واقع "زابطہ خان "نامی افغان شہری کے بلاک (دکان/ کمرشل پراپرٹی) کو سیل کر دیا ہے۔ حکام کے مطابق (بقیہ صفحہ 3 نمبر 34)

ویلج و نیبر ہڈ کونسلز میں آبادی کی شرط 30 سے 40 ہزار کر دی گئی

ہری پور کی تینوں تحصیلوں میں ویلج و نیبر ہڈ کونسلوں کی ٹوٹل تعداد 32 ہوگی

ہری پور (محمد آصف اعوان) خیبر پختونخوا میں ویلج و نیبر ہڈ کونسلز میں آبادی کی شرط 30 سے 40 ہزار کر دی گئی۔ جبکہ ہری پور کی تینوں تحصیلوں میں ویلج و نیبر ہڈ کونسلوں کی ٹوٹل تعداد 32 ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق خیبر پختونخواہ کی صوبائی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 33)

چیف آف تناول نوابزادہ صلاح الدین سعید خان، سابق صوبائی وزیر حاجی ابرار حسین تنولی، صابر حسین تنولی و دیگر ضلع تنول کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

ہزرپیو پولیس کی وردی پہن کر شہریوں کو لوٹنے والا شخص گرفتار

پولیس وردی پہن کر شہریوں کو روکنے، خوف و ہراس پھیلانے اور غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث تھا

ہری پور (بیورو رپورٹ) ہری پور پولیس کی وردی پہن کر شہریوں کو لوٹنے والا مبینہ سول ڈیفنس رضا کار گرفتار، ساتھیوں کے خلاف بھی کارروائی کا مطالبہ ضلع ہری پور کی تحصیل خانپور میں پولیس کی طرز کی وردی استعمال کر کے سادہ لوح شہریوں کو لوٹنے کے الزام میں مبینہ سول ڈیفنس رضا کار بلال ولد ظہور کو گرفتار کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ملزم تھانہ خانپور کی حدود میں خود ساختہ ناکہ بندی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 20)

ٹرانسپورٹ تیار رہیں کسی بھی وقت ہڑتال کی کال دے سکتے ہیں

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر تبدیلی کے فیصلے کو مسترد کرتے ہیں، شہزاد اعوان

ہری پور (نمائندہ خصوصی) صدر پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس ملک شہزاد اعوان نے کہا ہے کہ ٹرانسپورٹرز تیار رہیں کسی بھی وقت ہڑتال کی کال دے سکتے ہیں۔ صدر پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس ملک شہزاد اعوان نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر تبدیلی کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کی غلط پالیسیوں اور ڈیزل کی قیمت میں مسلسل اضافے سے ہماری ٹرانسپورٹ کھڑی ہو جائے گی۔ انہوں نے کہا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 21)

مون سون، لینڈ سلائیڈنگ، روڈ حادثات نے ناران کا موسمی لطف کو دیمک کی طرح چاٹ لیا

ماسہرہ (نیوز رپورٹر) مون سون بارشوں، لینڈ سلائیڈنگ اور روڈ حادثات نے سیاحتی مقام ناران کا موسمی مزا کڑوا کر دیا، بارشوں سے ناران کاغان اور بابوسر روڈ پر جگہ جگہ لینڈ سلائیڈنگ اور فلڈ کے خطرات (بقیہ صفحہ 3 نمبر 22)

ہنگامی پریس کانفرنس

ایبٹ آباد، جماعت اسلامی ہزارہ صوبہ کے امیر عبدالرزاق عباسی نائب امیر امجد خان جدون و دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ضلع ماسہرہ کی خستہ حال سڑکوں پر بوجہ دی جائے، عوامی مطالبہ

حالیہ شدید بارشوں سے مزید نقصانات، سڑکیں ٹوٹ پھوٹ سے ٹرانسپورٹرز اور عوام پریشان

شنکیاری (نامہ نگار) ضلع ماسہرہ کی خستہ حال سڑکوں پر بھی توجہ دی جائے حالیہ شدید بارشوں سے مزید نقصانات، ٹوٹ پھوٹ سے ٹرانسپورٹروں اور عوام کو سفری دشواریوں کا سامنا ہے جبکہ ملک کے دور دراز علاقوں نے آنے والے سیاحوں کو بھی مشکلات کا سامنا رہتا ہے پختہ سڑکیں بھی حالیہ بارشوں سے کھنڈرات میں تبدیل ہوگئی ہیں جو پہلے ہی خستہ حالی کا شکار تھیں بوڑھوں، بیماروں اور بچوں کو سفر کے دوران جگہ جگہ جمپ کی وجہ سے شدید کرب سے گزرنا پڑتا ہے پہاڑی علاقہ میں پختہ سڑکوں کی خستہ حالی کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 30)

مانسہرہ شنکیاری اور گردونواح میں ایل پی جی گیس مافیا کی من مانیاں

گیس شارٹج کے بہانے ایل پی جی گیس 430 روپے کلو سے 450 روپے کلو فروخت کی جارہی ہے

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) ضلع انتظامیہ کی عدم توجہی اور غفلت مانسہرہ شنکیاری اور گردونواح میں ایل پی جی گیس مافیا کی من مانیاں، ایل پی جی گیس کا کوئی سرکاری نرخ نہیں ہے پلانٹ اور ڈسٹی بیوٹروں کی ملی بھگت گیس شارٹج کے بہانے ایل پی جی گیس 430 روپے کلو سے 450 روپے کلو فروخت کی جارہی ہے گھریلو سلنڈر 4000 ہزار روپے سے بڑھا کر 4500 اور 4300 سو روپے میں کر دیا گیا ہے ایل پی جی گیس کے نرخوں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 29)

مانسہرہ، کارلفٹر گروہ پکڑنا کارنامہ، فوٹو سیشن نے ہیرو سے زیرو کر دیا

پولیس نے کارلفٹر گروہ پکڑ کر کارنامہ کر دکھایا اور پریس کانفرنس کر کے اپنی ساکھ کا جنازہ خود نکالیا

ماسہرہ (کورٹس رپورٹر) پولیس نے کارلفٹر گروہ پکڑ کر تو کارنامہ کر دکھایا، لیکن پریس کانفرنس کر کے اپنی ساکھ کا جنازہ خود نکال دیا۔ ذرائع کے مطابق تھانہ سٹی میں موٹر سائیکل اور گاڑیاں چوری کرنے والے گروہ کی گرفتاری کے بعد برآمدگی کی تقریب سجائی گئی۔ پولیس نے ملزمان کو میڈیا کے سامنے پیش کرنے کے بجائے انجمن تاجران اور چند ٹک ٹاکرز کو خصوصی دعوت دے کر بلوایا۔ انہی کے سامنے مال مسروقہ اور ملزمان کی نمائش کی گئی اور کارکردگی کے قصیدے پڑھے گئے۔ لیکن حیرت انگیز طور پر اس "پریس کانفرنس "میں شہر کے صحافیوں کو یا تو "بھول" گئے یا پھر جان بوجھ کر مدعو نہیں کیا گیا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ سوالات پوچھنے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 28)

بالاکوٹ گرلاٹ کی رابطہ سڑک بھاری ملبہ گرنے سے دوسرے روز بھی بند، متعلقہ محکموں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان

اے سی مانسہرہ کا بھوت کٹھہ اور اچھڑ نالہ کا تفصیلی دورہ

ماسہرہ (چیف رپورٹر) صوبائی حکومت کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر مانسہرہ کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر مانسہرہ محترمہ ثنا فاطمہ نے حالیہ مون سون بارشوں کے پیش نظر ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لیے بھوت کٹھہ اور اچھڑ نالہ کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 32)

مہنگائی کے خلاف ملک بھر میں احتجاجی مظاہرے کیے جائیں گے، عامر عتیق

ہری پور (نمائندہ شمال) ضلعی امیر ہری پور جماعت اسلامی عامر عتیق صدیقی نے کہا ہے کہ ضلع ہری پور میں منشیات کے استعمال اور فروخت پر انتہائی تشویش ہے ویپ سنٹروں کی کھلے عام فروخت کو بند کیا جائے، مہنگائی کے خلاف ملک بھر میں احتجاجی مظاہرے کیے جائیں گے موجودہ حکومت کی نا قص پالیسیوں اور پٹرولیم مصنوعات پر اربوں روپے کی لیوی وصولیوں نے کاروباری طبقے سمیت پاکستانی عوام کو خودکشیوں پر مجبور کر دیا ہے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 31)

ادارتی کالم

روزنامہ شمال ایبٹ آباد

میریاں گلاں

تحریر: ثمر کمال



زندگی کے اس سفر میں انسان روز کئی موڑوں سے گزرتا ہے۔ کبھی خوشی ساتھ چلتی ہے تو کبھی چیلنجز۔ راستہ روکتے ہیں۔ میرے کالم "میریاں گلاں" میں انہی تجربات، احساسات اور مشاہدات کو آپ کے ساتھ بانٹنے کی ایک سادہ سی کوشش ہے۔

میرا یقین ہے کہ جب ہم بات کرتے ہیں تو راستے بنتے ہیں۔ سوچیں جڑتیں ہیں اور معاشرہ بدلتا ہے۔

آیئے! مل کر ایک بہتر، باشعور اور ہم خیال سماج کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کریں۔

"بات صرف کہنے کی نہیں ہوتی سمجھنے اور سمجھانے کی بھی ہوتی ہے۔"

شمر کمال

شمال کی آواز... حق و صداقت کا پیغام

www.dailyshamal.com.pk | Daily Shamal | editor@dailyshamal.com.pk

تورغر، سرکاری مشینری کیلئے استعمال کیلئے خوشامد درکار

مشینری کو استعمال کرنے سے قبل عوام کو مقامی ایم پی اے کا شکریہ ادا کرنے پر مجبور کیا جارہا ہے

جدبا (نمائندہ خصوصی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور سابق چیئرمین سور بند فضل امین خان نے الزام عائد کیا ہے کہ ضلع تورغر میں عوامی سہولت کے لیے موجود سرکاری مشینری کو استعمال کرنے سے قبل عوام کو مقامی ایم پی اے کا شکریہ ادا کرنے پر مجبور کیا جا رہا ہے، بصورت دیگر مشینری فراہم نہیں کی جاتی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فضل امین خان نے کہا کہ سور بند بسی خیل روڈ گزشتہ کئی روز سے لینڈ سلائیڈنگ اور ملبے کے باعث بند (بقیہ صفحہ 3 نمبر 23)

پیٹرول مصنوعات کی قیمتوں میں ایک بار پھر اضافہ، نوٹیفکیشن جاری

پھلڑہ (نمائندہ شمال) پیٹرول مصنوعات کی قیمتوں میں ایک بار پھر اضافہ کر کے نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے، پیٹرول کی قیمت میں 4 روپے 93 پیسے اضافہ کیا گیا ہے پیٹرول کی نئی قیمت 320 روپے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 24)

سرکاری ملازمین کیلئے نئی پابندی، عامد غیر ملکی شہریت ظاہر کرنا لازمی قرار

غیر ملکی شہریت، پاسپورٹ، مستقل رہائش اور دیگر متعلقہ سفری دستاویزات کی مکمل تفصیلات فراہم کرنا لازمی ہوگا

ہری پور (کرائم رپورٹر) سرکاری ملازمین کے لیے نئی پابندی عائد کرتے ہوئے غیر ملکی شہریت ظاہر کرنا اب لازمی قرار دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کے لیے نئے قواعد متعارف کرا دیے، جن کے تحت ہر سول سرونٹ کو اپنی اور اپنے زیر کفالت افراد کی غیر ملکی شہریت، پاسپورٹ، مستقل رہائش اور دیگر متعلقہ سفری دستاویزات کی مکمل تفصیلات فراہم کرنا لازمی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 25)

مانسہرہ، گڑھی روڈ پر ماجد خان کے دفتر کا افتتاح جلسہ کی شکل اختیار کر گیا

شوکت علی نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ عبدالماجد خان کا پرتپاک استقبال کیا

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر +ڈسٹرکٹ نامہ نگار) مانسہرہ کے گڑھی روڈ پر پاکستان پیپلز پارٹی کے متفقہ امیدوار برائے قانون ساز اسمبلی آزاد جموں و کشمیر حلقہ LA-45 وادی 6 خان عبدالماجد خان کے انتخابی دفتر کی افتتاحی تقریب ایک بڑے عوامی جلسے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 27)

ایف پی سی سی آئی کی میزبانی میں اہم راؤنڈ ٹیبل ڈائیلاگ کا انعقاد

ہری پور (کرائم رپورٹر) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کی میزبانی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 26)

ماسہرہ، ضلعی امیر جماعت اسلامی جمیل امیر جہانگیری، ڈاکٹر عامر شہزاد و دیگر ذمہ داران موجودہ بڑھتی مہنگائی کیخلاف ملک گیر احتجاجی تحریک چلانے کا اعلان کرتے ہوئے

روزنامہ شمال ایبٹ آباد

ایڈیٹر
خرم شہزاد جدون
فون نمبر 0345-9541220

روزنامہ شمال، ایبٹ آباد، سوات، مظفر آباد، کراچی سے بیک وقت شائع ہوتا ہے۔ ہزارہ (شمال) میں شمال کی فروخت تمام علاقائی اور قومی اخبارات کی مجموعی تعداد سے زیادہ ہے

نیاز پاشا جدون پرنٹرو پبلشر نے پاشا پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر ایبٹ آباد سے شائع کیا

روزنامہ شمال، خیبر پختونخواہ، پنجاب اور سندھ میں وہاں کے کئی قومی اخبارات سے بھی زیادہ فروخت ہوتا ہے

سروے گیلپ۔ این آر سی۔ آئی سی ایل

ایبٹ آباد ہیڈ آفس
پلاٹ نمبر A-6 سمال انڈسٹریل اسٹیٹ، ایبٹ آباد
فون نمبر 0992-385577
موبائل نمبر 0311-8185558
E-mail:dailyshamal1991@gmail.com
website:shamal.com.pk

سوات
حاجی بابا چوک بینگورہ سوات
0946-711788

مظفر آباد
عقب جی پی او نزد ایوان صدر مظفر آباد
05822-446938

کراچی
امبر میڈیکل سنٹر پلازہ نزد کانڈے والا موٹرز فورتھ فلور ایم اے جناح روڈ کراچی
فون نمبر: 021-2762266-2762241
E-mail:
shamalkarachi@yahoo.com

راولپنڈی / اسلام آباد
حاجی وحید الزمان
03345008600

مانسہرہ بیورو
شہزاد جہانگیری
فون نمبر: 0300-8111316

ہری پور بیورو
0315-5906226
جاوید عباسی
ایس پی آفس، سرکلر روڈ بالمقابل پائلٹ سکول گیٹ نمبر 2 ہری پور

تناول بیورو چیف
0343-9555768
عبدالقدیر

جمعرات 08 صفر المظفر 1448ھ 23 جولائی 2026ء 2083ب

مون سون بارشیں، پکارتی خوبصورت وادیاں اور احتیاط درکار

بابوسر ٹاپ، ناران کاغان جانے والے سیاح محتاط رہیں، قدرتی حسن کے ساتھ خطرات کو بھی نظر انداز نہ کریں قدرت نے ہزارہ کی سرزمین کو بے مثال حسن سے نوازا ہے۔ ناران کاغان کی برف پوش چوٹیاں، دریائے کنہار کی روانی، بابوسر ٹاپ کے دلکش مناظر اور گلیات کی خوبصورت وادیاں ہر سال لاکھوں سیاحوں کو اپنی طرف کھینچتی ہیں۔ مگر مون سون کا موسم جہاں ان وادیوں کے حسن میں اضافہ کرتا ہے، وہیں خطرات کی گھنٹی بھی بجا دیتا ہے۔ حالیہ بارشوں کے دوران پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ، اچانک آنے والے سیلابی ریلوں اور راستوں کی بندش کے خدشات بڑھ جاتے ہیں۔ پہاڑوں کا مزاج میدانی علاقوں سے مختلف ہوتا ہے، یہاں چند گھنٹوں کی شدید بارش بھی بڑے نقصان کا سبب بن سکتی ہے۔ بدقسمتی سے ہر سال ایسے واقعات سامنے آتے ہیں جن میں سیاح موسم کی شدت، خطرناک راستوں اور مقامی انتباہات کو نظر انداز کر کے مشکلات کا شکار ہو جاتے ہیں۔ تفریح کا شوق اپنی جگہ، لیکن زندگی کی حفاظت سب سے زیادہ اہم ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ انتظامیہ صرف حادثات کے بعد اقدامات کرنے کے بجائے پہلے سے مؤثر حکمت عملی اختیار کرے۔ خطرناک مقامات پر نگرانی کا نظام، سیاحوں کو بروقت آگاہی، ہنگامی امدادی ٹیموں کی دستیابی اور سڑکوں کی صورتحال سے متعلق فوری معلومات فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ سیاحوں کو بھی چاہیے کہ وہ موسم کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے سفر کریں، دریاؤں اور ندی نالوں کے قریب جانے سے گریز کریں، لینڈ سلائیڈنگ والے علاقوں میں رکنے سے پرہیز کریں اور مقامی انتظامیہ کی ہدایات پر عمل کریں۔ قدرت کے حسین نظارے انسان کو سکون دیتے ہیں، لیکن یہی قدرت کبھی کبھی آزمائش بھی بن جاتی ہے۔ بابوسر ٹاپ اور ناران کاغان کی خوبصورتی سے لطف اٹھائیں، مگر احتیاط کو اپنا ساتھی بنائیں۔ کیونکہ ایک لمحے کی لاپرواہی کسی خاندان کی زندگی بھر کی محرومی بن سکتی ہے۔ سیاحت کریں، مگر حفاظت کے ساتھ۔

روزی کی تلاش میں گئے ... تابوتوں میں لوٹے

پردیس کا سفر اکثر امیدوں سے شروع ہوتا ہے۔ ایک باپ اپنے بچوں کے روشن مستقبل کے خواب آنکھوں میں سجائے گھر سے نکلتا ہے، ایک بیٹا ماں کے ہاتھ چوم کر یہ وعدہ کرتا ہے کہ جلد واپس آ کر حالات بدل دے گا، ایک شوہر اپنی شریکِ حیات کو بہتر زندگی کا یقین دلاتا ہے۔ مگر کبھی کبھی قسمت ایسا دردناک موڑ لیتی ہے کہ خواب ادھورے رہ جاتے ہیں اور انتظار کرنے والوں کے نصیب میں صرف آنسو رہ جاتے ہیں۔

ریاض میں گیس سلنڈر دھماکے میں جاں بحق ہونے والے مانسہرہ کے پانچ افراد کی میتیں جب اپنے آبائی علاقوں میں پہنچیں تو ہر آنکھ اشکبار تھی۔ جن گھروں سے دعاؤں کے ساتھ رخصت کیا گیا تھا، وہاں آج تابوت لوٹے۔ خوشیوں کی امید رکھنے والے گھروں میں ماتم برپا تھا، اور وہ مائیں جنہوں نے بیٹوں کی کامیابی کی دعائیں مانگی تھیں، آج انہی کے جنازوں سے لپٹ کر رو رہی تھیں۔

یہ سانحہ صرف پانچ خاندانوں کا دکھ نہیں، بلکہ ہم سب کے لیے ایک سوال ہے۔ آخر ہمارے نوجوان کیوں اپنے وطن سے ہزاروں میل دور رزق کی تلاش پر مجبور ہیں؟ کیا ہمارے ملک میں اتنے مواقع نہیں کہ ایک باپ اپنے بچوں کی کفالت اپنے ہی شہر میں کر سکے؟ جب روزگار کے دروازے بند ہو جائیں تو پردیس ہی آخری امید بن جاتا ہے، مگر کبھی کبھی یہی امید زندگی کی آخری منزل ثابت ہوتی ہے۔

ہمیں ان شہدا کے لیے دعا بھی کرنی چاہیے اور ان کے لواحقین کے غم میں برابر کا شریک بھی ہونا چاہیے۔ ساتھ ہی یہ عہد بھی کرنا چاہیے کہ ایسے سانحات سے سبق لیتے ہوئے اپنے ملک میں روزگار، محفوظ کام کے ماحول اور باعزت زندگی کے مواقع پیدا کرنے کی کوشش کی جائے۔

اللہ تعالیٰ مرحومین کی کامل مغفرت فرمائے، ان کی قبروں کو جنت کے باغیچوں میں سے ایک باغیچہ بنا دے، اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

کبھی کبھی انسان روزی کی تلاش میں گھر سے نکلتا ہے، مگر واپس خود نہیں آتا ... صرف اس کا تابوت لوٹتا ہے۔

یہی اس سانحے کا سب سے بڑا المیہ ہے۔

نئی دہلی میں نوجوانوں کا احتجاج

تعلیم، امتحانی نظام، بے روزگاری اور مستقبل کی بے یقینی نے بھارتی نوجوانوں کو سڑکوں پر آنے پر مجبور کر دیا ہے۔ دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت ہونے کا دعویٰ کرنے والے بھارت میں ان دنوں ایک ایسا احتجاج توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے جس نے حکمرانوں کے ساتھ ساتھ پوری دنیا کو بھی سوچنے پر مجبور کر دیا ہے۔ نئی دہلی کی سڑکوں پر نکلنے والے نوجوانوں اور طلبہ کا غصہ بظاہر ایک امتحانی بحران سے شروع ہوا، لیکن دیکھتے ہی دیکھتے اس نے ایک وسیع تر شکل اختیار کر لی۔ اب سوال صرف ایک امتحان کا نہیں، بلکہ نوجوانوں کے مستقبل، تعلیمی نظام کی شفافیت، روزگار کے مواقع، حکومتی جواب دہی اور نظام پر اعتماد کا ہے۔

رپورٹس کے مطابق بھارت کے میڈیکل کالجوں میں داخلے کے لیے ہونے والے انتہائی اہم امتحان NEET سے متعلق بے ضابطگیوں اور مبینہ پیپر لیک کے معاملے نے لاکھوں طلبہ کو شدید ذہنی اذیت میں مبتلا کیا۔ یہ وہ نوجوان ہیں جنہوں نے اپنے تابناک مستقبل کے لیے برسوں محنت کی، اپنے والدین کی امیدوں کا مرکز بنے اور اپنی زندگی کا ایک بڑا حصہ ایک مسابقتی امتحان کی تیاری میں صرف کر دیا۔ لیکن جب مسابقتی امتحان دینے کا وقت آیا تو منظورِ نظر افراد کو نوازنے والے مافیا اور رشوت خور مافیا کے گٹھ جوڑ سے امتحانی پیپرز لیک کر کے وفاداری کو ثابت کرنے اور جیبیں بھرنے کا عمل محنتی نوجوانوں کی راہ کا بھاری پتھر بن گیا۔ اگر امتحانی نظام کی شفافیت پر سوال اٹھ جائے تو اس کے اثرات صرف ایک امتحان یا ایک تعلیمی سال تک محدود نہیں رہتے بلکہ پورے معاشرے میں بے یقینی پیدا ہوتی ہے۔ یہی بے یقینی آج نئی دہلی میں احتجاج کی صورت اختیار کر چکی ہے۔ اس احتجاج کو کالا کرتوچ موومنٹ یا کالا کروچ جنتا پارٹی کے نام سے بھی یاد کیا جا رہا ہے۔ ابتدا میں یہ نام ایک طنزیہ ردِعمل کے طور پر سامنے آیا، مگر رفتہ رفتہ یہ نوجوانوں کی مزاحمت اور احتجاج کی علامت بن گیا۔ احتجاج کرنے والے نوجوان صرف امتحانی نظام کی اصلاح کا مطالبہ نہیں کر رہے بلکہ وہ یہ سوال بھی اٹھا رہے ہیں کہ اگر تعلیم یافتہ نوجوانوں کو بھی اپنے مستقبل کے بارے میں یقین نہ ہو تو پھر ملک کی ترقی کا خواب کیسے پورا ہوگا؟ بھارت دنیا کی تیزی سے ترقی کرتی ہوئی معیشتوں میں شمار ہوتا ہے۔ اس نے ٹیکنالوجی، صنعت، خلائی تحقیق اور ڈیجیٹل عیشت میں نمایاں ترقی کی ہے۔ آپ کو بھارتی نوجوان ڈیجیٹل میدان میں نمایاں اور چھائے ہوئے نظر آئیں گے۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ کسی بھی ملک کی حقیقی ترقی کا پیمانہ صرف بلند شرحِ نمو یا بڑی عمارتیں نہیں ہوتیں۔ اصل ترقی اس وقت ہوتی ہے جب ملک کا نوجوان اپنے مستقبل کے بارے میں پرامید ہو، اسے معیاری تعلیم میسر ہو، روزگار کے مناسب مواقع دستیاب ہوں اور اسے یقین ہو کہ میرٹ کی بنیاد پر آگے بڑھنے کا راستہ کھلا ہے۔ یہی انصاف کا راستہ ہے اور اگر آگے بڑھنے کی راہ میں ناانصافی حائل ہو جائے تو نہ ڈرف معاشرتی ترقی کی رفتار میں سستی آ جاتی ہے بلکہ عوام، خصوصا نوجوانوں میں بھی مستقل اضطرابی کیفیت پیدا ہوتی ہے۔ اگر ایک نوجوان یہ محسوس کرنے لگے کہ اس کی برسوں کی محنت کسی امتحانی بے ضابطگی، پیپر لیک یا ناقص نظام کی نذر ہو سکتی ہے تو اس کا غصہ فطری ہے۔ نئی دہلی کے احتجاج میں یہی غصہ دکھائی دے رہا ہے۔

اطلاعات کے مطابق مظاہرین نے حکومت کی گرفتاری نے احتجاج میں نیا جوش بھر دیا۔ حکومت کے لیے یہ کہنا آسان ہے کہ اپوزیشن سیاسی فائدہ اٹھا رہی ہے، لیکن اس سے بنیادی مسئلہ ختم نہیں ہو جاتا۔ اگر واقعی طلبہ کے تحفظات درست ہیں تو انہیں دور کرنا حکومت ہی کی ذمہ داری ہے۔ اور اگر اپوزیشن اس مسئلے کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کر رہی ہے تو حکومت کے پاس اس کا بہترین جواب یہی ہے کہ وہ شفاف تحقیقات کرائے، حقائق عوام کے سامنے لائے اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کرے۔ حکومت نے بوکھلاہٹ اور ہٹ دھرمی سے خود ہی اپوزیشن کو کھلی دعوت دے دی کہ وہ اس احتجاج میں اہم کردار ادا کر سکے۔ جمہوریت میں حکومت کی مضبوطی کا اندازہ اس بات سے نہیں لگایا جاتا کہ اس نے کتنے مظاہرے روک دیے، بلکہ اس بات سے لگایا جاتا ہے کہ اس نے عوامی شکایات کتنی سنجیدگی سے سنیں اور انہیں کس حد تک حل کیا۔

نوجوان کسی بھی ملک کا سب سے قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں۔ ان کی توانائی اگر تعلیم، تحقیق، صنعت، کاروبار اور مثبت سرگرمیوں میں استعمال ہو تو قومیں ترقی کرتی ہیں۔ آج کی نوجوان نسل پہلے سے زیادہ باخبر ہے۔ سوشل میڈیا نے اسے معلومات تک فوری رسائی دے دی ہے اب نوجوان صرف حکومت کے بیانات سن کر مطمئن نہیں ہوتا بلکہ سوال کرتا ہے، ثبوت مانگتا ہے اور اپنے حقوق کے لیے آواز بلند کرتا ہے۔

تعلیمی نظام میں شفافیت، امتحانات کا قابلِ اعتماد انتظام، میرٹ کا تحفظ اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع اب محض سیاسی وعدے نہیں رہے بلکہ قومی سلامتی اور سماجی استحکام کے بنیادی تقاضے بن چکے ہیں۔ نئی دہلی کا احتجاج اس حقیقت کی ایک بڑی مثال ہے۔ یہ احتجاج مودی حکومت کے لیے فوری طور پر کسی بڑے سیاسی خطرے میں تبدیل ہوگا یا نہیں، اس بارے میں ابھی حتمی رائے دینا قبل از وقت ہے، لیکن یہ ضرور کہا جا سکتا ہے کہ نوجوانوں کے اندر پیدا ہونے والی بے چینی کو نظر انداز کرنا کسی بھی حکومت کے لیے دانش مندانہ حکمتِ عملی نہیں۔ آج کا احتجاج اگر ایک امتحان سے شروع ہوا ہے تو کل یہ روزگار، مہنگائی، تعلیم اور مستقبل کے وسیع تر مسائل کو بھی اپنی لپیٹ میں لے سکتا ہے۔

حکومت اگر دانش مندی کا مظاہرہ کرے، نوجوانوں سے براہِ راست مکالمہ کرے، ان کے تحفظات دور کرے، شفاف تحقیقات کرائے اور امتحانی نظام کو فول پروف بنائے تو یہ بحران ایک موقع میں تبدیل ہو سکتا ہے۔ لیکن اگر احتجاج کو محض سیاسی سازش قرار دے کر اصل مسائل سے صرفِ نظر کیا گیا تو ممکن ہے کہ سڑکوں پر موجود چند ہزار نوجوانوں کی آواز آنے والے دنوں میں لاکھوں نوجوانوں کی آواز بن جائے۔ نوجوانوں کو خاموش کرانے کے بجائے ان کی آواز سننا ضروری ہے۔

تعلیمی سرگرمیوں میں اصلاحات ضرور

تحریر و ترتیب ☆ وقاص باکسر

خیبر پختونخواہ کی تعلیمی سرگرمیوں میں اصلاحات ضروری ہیں نئے تعینات ہونیوالے افسران کو پروٹوکول دینا یا انہیں پھولوں کیگدستے پیش کرنا یہ ایک اداروں بلکہ قومی خزانے پر بوجھ ہے قارئین کرام میں ج بات کروں گا سب سےعظیم شعبہ تعلیم کی بات اکثر ہمیں یہ خبریں مل جاتی ہیں ج ایلیمنٹری سیکنڈری ایجوکیشن نیاچیمن پسندافراد کی تقرریوں کیاعلامات جاری کردیے دوسری جانب ہایرایجوکیشن خیبر پختونخواہ ہزارہ جنکیکالج ھذا میں پرنسپل تبدیل ہوتے رہتے ہیں یاانہوں تبدیل کیاجاتا ہے یہ سب باتیں روزمرہ کی ہیں لیکن اگر بات دیکھی جائے تو کالج ھذا تعلیم حاصل ایک ایسازریعہ ہے جس سے روزانہ کی تعداد میں طلباوطالبات میڈل حاصل کرنیمیں کامیاب ہوتے ہیں قارہین کران اب تاہوکالج ھذا کی بہتری اورعملی اقدامات کیلیے

قارین کرام ہمیں خوشی ہوی کہ تاریخ کی ہزارہ میں ایک بارگورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج کیپرنسپل وجی ایم سی کوارڈینیٹرمنتخب ہوے میں انکی تعیناتی پہ بہت خوش ہیں وہ سب کوبلاکرانہیں انکی مرضی کا کام دیرہیں ہیں ۔قارین کرام اب میں ان مقصد کی طرف ناچاہوں گا جوہمیں چاہیے) پہلاون (حالیہ بی ایس کی کم نشستوں کیباعث ہمارے پڑھے لکھے نوجوان دربدر کی ٹھوکریں کھانے پرمجبور ہورہیں بطور کالم نگاروقاص باکسر نیایسے عوامی مسال پر کھل کروازبلند کی گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ میں انیوالے پرنسپل کاویلکم ایک دن ضروری باقی پچیاورپچیوں کیفینڈمطلب انکےجمع شدہ پیسوں سیکھانوں کی دعوتیں نہیں ہونی چاہیں محکمہ ہایرایجوکیشن خیبر پختونخواہ روزمرہ اس بات کانوٹس لیاورچیک بلینس کا باقاعدہ انتظامی امورسیجازہ لے گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج نمبرکینوتعنیتات پرپنسپل جمیل۔اختر عباسی ہرطرح سے اپنی عزت کیلیے کالج ھذا کوکامیاب بنانے میں محنت کررہیں لیکن بات اس امر کی ہیکہ طلباہ وطلبات کومعیاری تعلیم ضروری ہو قارہین کرام جب سکولوں میں ایسی تعلیمی سرگرمیاں دیھنیکوملتی ہیں جہاں شکایت ہی شکایت ہو پھرتعلیی سرگرمی کااثرزیروہوگیاہے گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج نہروون جوج کیدرمیں اہم تعلیمی یونیورسٹیوں سے گے ہے ج اسے اوربہترینا ہیں صوبای حکومت کیاحکامات پراس کالج ھذا بلکہ ایک مثالی تعلیمی درسگاہ کوقابل بنا ہیں لیکن افسوس سیاستی شکایات موصول ہوتے ہیہیکہ پرنسپل نیاہے ہمارے جاننے والا ہے جس سے وہ کلازتعلیمی سرگرمی سمتاثر ہوتی ج یاد کروں گا ممتاز حیرر کوجس نیکالج ھذا کی بہتری کام کیاہو

سی ایم ایچ مظفر آباد، جدید طبی سہولیات کی جانب ایک اہم پیش رفت

تحریر: آغا سفیر حسین کاظمی

کسی بھی معاشرے کی ترقی کا اندازہ صرف اس کی سڑکوں، عمارتوں یا معاشی اشاریوں سے نہیں بلکہ اس امر سے بھی لگایا جاتا ہے کہ وہاں انسانی جان کے تحفظ اور علاج معالجے کے لیے کس معیار کی سہولیات موجود ہیں۔ آزاد جموں و کشمیر میں کمبائنڈ ملٹری ہسپتال (سی ایم ایچ) مظفر آباد میں مدر اینڈ چائلڈ ہیلتھ کیئر بلاک کا افتتاح اور جدید ایم آر آئی مشین کی فعالیت اسی مثبت سمت میں ایک قابلِ قدر پیش رفت ہے۔

کمانڈر چنار ڈویژن میجر جنرل ضرار محمود نے اس اہم منصوبے کا افتتاح کیا، جبکہ صحت اور زندگی کے تحفظ کے لیے ارمی میڈیکل کور اور محکمہ صحت کی ٹیم کی مشترکہ کوششوں اور کاوشوں میں اس عزم کا اعادہ بھی ہے کہ ماں اور بچے کی صحت کو قومی ترجیحات میں نمایاں مقام حاصل ہے۔ اس موقع پر سیکرٹری صحت عامر رضا ٹیپو سمیت کمبائنڈ انتظامی ذمہ داران موجود تھے۔ اور مستعدی اس امر کی غمازی کرتی ہے کہ فوجی اور سول ادارے صحت عامہ کے میدان میں مشترکہ طور پر آگے بڑھنے کے خواہاں ہیں۔

تقریب میں کمانڈنٹ سی ایم ایچ مظفر آباد بریگیڈیئر شاکر شریف کی جانب سے دی گئی پریزنٹیشن سے واضح ہوا کہ سی ایم ایچ مظفر آباد محض ایک فوجی ہسپتال نہیں بلکہ آزاد کشمیر میں جدید طبی خدمات کا ایک مضبوط مرکز بن چکا ہے۔ روزانہ سینکڑوں مریضوں کا علاج، زچہ و بچہ کی نگہداشت، جدید تشخیصی سہولیات، چوبیس گھنٹے ایمرجنسی، بچوں کے لیے خصوصی ایمرجنسی اور جدید نرسری جیسے اقدامات اس حقیقت کا ثبوت ہیں کہ ادارہ وقت کے تقاضوں کے مطابق اپنی استعداد میں مسلسل اضافہ کر رہا ہے۔

خصوصی طور پر کیو میٹرک سسٹم کا نفاذ قابلِ تحسین ہے، کیونکہ صحت کے شعبے میں نظم و ضبط، شفافیت اور مریض کی عزت و سہولت بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ جب مریض کو منظم انداز میں اپنی باری پر علاج کی سہولت ملتی ہے تو نہ صرف وقت کی بچت ہوتی ہے بلکہ علاج کے پورے نظام پر عوام کا اعتماد بھی بڑھتا ہے۔

ایم آر آئی مشین کی فعالیت بھی ایک بڑی کامیابی ہے۔ ماضی میں پیچیدہ تشخیصی معائنے کے لیے مریضوں کو دور دراز شہروں کا رخ کرنا پڑتا تھا، جس سے وقت، اخراجات اور تکلیف میں اضافہ ہوتا تھا۔ اب یہ سہولت مقامی سطح پر دستیاب ہونے سے ہزاروں مریضوں کو براہِ راست فائدہ پہنچے گا۔

اس موقع پر آرمی میڈیکل کور، محکمہ صحت عامہ، ڈاکٹرز، نرسز، پیرامیڈیکل اور سپورٹنگ اسٹاف کی خدمات کا اعتراف بھی ضروری ہے۔ جدید عمارتیں اور مشینیں اپنی جگہ اہم ہیں، لیکن ان کو مثر بنانے والے وہ لوگ ہیں جو دن رات خدمتِ انسانیت کے جذبے سے اپنا فرض ادا کرتے ہیں۔

سی ایم ایچ مظفر آباد میں ہونے والی اس پیش رفت کو ایک ماڈل کے طور پر دیکھا جائے اور آزاد کشمیر کے دیگر سرکاری ہسپتالوں میں بھی اسی معیار کی سہولیات، جدید ٹیکنالوجی اور منظم نظام متعارف کرایا جائے۔ اگر صحت کے شعبے میں اسی رفتار سے سرمایہ کاری اور ادارہ جاتی اصلاحات جاری رہیں تو نہ صرف عوام کو بہتر طبی سہولیات میسر آئیں گی بلکہ ریاست کا مجموعی صحت کا نظام بھی مزید مضبوط اور مثر ہو سکے گا۔

سی ایم ایچ مظفر آباد میں مدر اینڈ چائلڈ ہیلتھ کیئر بلاک کا افتتاح دراصل ایک نئی عمارت کا افتتاح نہیں، بلکہ محفوظ زچگی، صحت مند بچوں اور بہتر مستقبل کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ یہی وہ اقدامات ہیں جو معاشروں کو مضبوط، باوقار اور انسانی فلاح کے اصولوں پر استوار کرتے ہیں۔

وزیر اعلیٰ کے پی کے کے معاون خصوصی برائے جیل خانہ جات ہری پور میں سٹاف آفیسرز میس کا افتتاح کر رہے ہیں

